اور کسی کی مجال نہیں کہ اسلام کا پرچم بلند کر سکے ۔ اب یہی کام تیز رفتاری سے پاکستان میں ہو رہا ہے۔ ہے کوئی اس دور کا صلاح الدین ایوبی جو ہم مسلمانوں کو نئے صلیبی معرکے کا شکار ہونے سے بچائے ؟۔ افسوس ہے کہ کتابت کتاب کے شایانِ شان نہیں

متاعِ کارواں | مدیر اعلیٰ قاضی قادر بخش قریشی ایم ۔ اے ۔ پیشکش : گورنمنٹ نارمل اسکول خان پور ۔

یہ اسکول کا میگزین ہے ۔ مگر نہ صرف طباعتی خوبیوں کا آئینہ دار ہے بلکہ بہت سے معروف دانش وروں اور نوجوان اساتذہ وطلبہ کی کاوشوں کا ایک دلآویز مجموعہ ہے ۔ اس میں غالب حصہ تعلیم سے متعلق مضامین کا ہے ۔ مگر ادبی نگارشات مثلاً افسانہ ، طنز ومزاح اور شاعری کے لحاظ سے بھی مالا مال ہے ۔ خصوصاً میں نوجوان قلم کاروں کو بہت قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہوں ۔ پھر اس مجموعے کی خوبی یہ ہے کہ اس میں نہ صرف متعدد مضامین دینی مباحث پر مشتمل ہیں بلکہ مجموعی طور پر اسلامی روح غالب ہے اور فحش جنسیات کے گند اور دیگر لغویات سے خالی ہے ۔ متاعِ کارواں کو ہم کرنے والے تمام دانش ور، اساتذہ وطلبہ اور خصوصاً چوہدری محمد حسین سنجرا (نگران) مستحق تبریک ہیں ۔

MUSLIM LEAGUE | چیف ایڈیٹر ڈاکٹر ہاشم مہدی ۔ باہتمام رابطۂ عالمِ اسلامی مکۃ المکرمہ ۔ تمام ممالک (مع سعودی عرب) کے لیے ۶۰ ریال سالانہ ۔

یہ مصور اور دلکش انگریزی ماہنامہ اعلیٰ درجہ کے کاغذ اور خوشنما ٹائیٹل کے ساتھ اسلامی موضوعات پر، سعودی عرب کے اداروں کے خاص امور کے متعلق ، عالم اسلام کے مسائل کے بارے میں ضروری معلومات نیز پورے عالمی افق کے احوال کے تجزیات پیش کرتا ہے ۔

الحسنات | مدیر مسئول : صابر قرنی صاحب ۔ دفتر : ۱۹ سی ، منصورہ ، ملتان روڈ ، لاہور ۔ قیمت فی شمارہ ۵/۵۰ ، سالانہ ۵۵ روپے ۔

صابر صاحب اسلامی ذہن کے ساتھ بڑوں ، بچوں اور خواتین کے لیے مشہور لکھنے والے ہیں ۔